# 23-01-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔تلنگانہ کی حکومت نے داؤس میں ورلڈ اکنامک فورم کی کانفرنس کے دوران ایک لاکھ 32 ہزار کروڑ روپے کی سرمایہ کاری حاصل کر کے ایک تاریخی سنگ میل عبور کیا ہے۔

۲۔تلنگانہ نے امیزان اور انفوسس کے ساتھ سرمایہ کاری کے دو بڑے معاہدوں پر دستخط کئے ہیں۔ان معاہدوں کا اعلان ڈاؤس میں کیا گیا۔

۳۔ مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے مصنفین پر زور دیا کہ وہ ایسے ادب کی تخلیق کریں جو خاندانی رشتوں کو مضبوط بنائے،اخلاقی اقدار کو فروغ دے اور قومی جذبہ پیدا کرے۔

اور

۴۔وزیراعظم نریندر مودی نے نیتاجی سبھاش چندر بوس سے ترغیب حاصل کی کہ وہ ملک کو دنیا بھر میں تیسری بڑی معیشت بنانے کے اپنے عہد کا اعادہ کیا ہے۔

OO

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے کمار نے آج کریم نگر کے ایس آر آر کالج میں تین کتابوں کی رسم اجرا انجام دی۔ڈاکٹر گنڈرا لکشمن راؤ اور ڈاکٹر ایم نرسمہا سوامی کی کتابوں کے علاوہ پروفیسر کلوا کوٹا راما کرشنا کی کتاب کے انگریزی ترجمہ کی اجرائی عمل میں آئی۔اس موقع پر مرکزی وزیر نے مصنفین پر زور دیا کہ وہ ایسے ادب کی تخلیق کریں جو خاندانی رشتوں کو مضبوط بنائے ، اخلاقی اقدار کو فروغ دے اور قومی جذبہ پیدا کرے۔ انہوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ بامعنی اور فکر انگیز تخلیقات کے ذریعہ ہندوستانی ورثہ سے اپنے آپ کو دوبارہ جوڑیں۔انہوں نے مصنفین کی ستائش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ادب، ثقافت اور سماج کے لئے گراں قدر خدمات انجام دی ہیں۔مرکزی وزیر نے ڈاکٹر لکشمن راؤ کے گہرے تجزیہ کی تعریف کی۔انہوں نے ادب اور صحافت سے ڈاکٹر کنڈل راؤ کے لگاؤ کی بھی ستائش کی۔

OO

تلنگانہ کی حکومت نے داؤس میں ورلڈ اکنامک فورم کی کانفرنس کے دوران ایک لاکھ 32 ہزار کروڑ روپے کی سرمایہ کاری حاصل کر کے ایک تاریخی سنگ میل عبور کیا ہے۔ریاست کی تشکیل کے بعد سے حاصل کی جانے والی یہ ابتک کی سب سے بڑی سرمایہ کاری ہے۔گزشتہ سال اسی کانفرنس کے دوران 40 ہزار 232 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری حاصل ہوئی تھی۔اس مرتبہ اس میں تین گنا اضافہ ہوگیا ہے۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی اور آئی ٹی اور صنعتوں کے وزیر سریدھر بابو کی قیادت میں تلنگانہ رائزنگ وفد نے آئی ٹی، اے ای اور توانائی کے شعبہ میں 10 بڑی کمپنیوں کے ساتھ معاہدوں پر دستخط کئے اور کئی صنعتی قائدین کے ساتھ ملاقاتیں کیں۔ان معاہدوں سے ریاست میں 46 ہزار ملازمتوں کے مواقع پیدا ہوں گے۔حیدرآباد میں فیوچر سٹی کے لئے ریاست کے ویژن اور تلنگانہ رائزنگ 2050ء کی حکمتِ عملی نے عالمی سرمایہ کاروں کی توجہ حاصل کی۔عالمی صنعتکاروں نے حیدرآباد کو ایک ایسے شہر کی حیثیت سے تسلیم کیا ہے جہاں مختلف شعبوں میں ترقی کے لئے سازگار ماحول موجود ہے۔ریونت ریڈی نے ریاست کی کامیابی پر فخر کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ریکارڈ توڑ سرمایہ کاری عالمی سطح پر تلنگانہ کے بڑھتے ہوئے اثر ورسوخ کی عکاسی کرتا ہے۔

○○

تلنگانہ نے امیزان اور انفوسس کے ساتھ سرمایہ کاری کے دو بڑے معاہدوں پر دستخط کئے ہیں۔ان معاہدوں کا اعلان ڈاؤس میں کیا گیا۔امیزان ویب سرویسس نے تلنگانہ میں ڈیٹا سنٹرس کے لئے 60 ہزار کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کا اعلان کیا ہے۔انفوسس لمیٹڈ نے میڑچل ملکاجگری ضلع کے پوچارم میں واقع اپنے آئی ٹی کیمپس کی توسیع کا فیصلہ کیا ہے جس سے 17 ہزار نئی ملازمتیں فراہم ہوں گی۔امیزان کے نائب صدر برائے گلوبل پالیسی مائیکل پونکے اور انفوسس کے سی ایف او جیش سنگراجکا نے ڈاؤس میں تلنگانہ پویلین میں چیف منسٹر ریونت ریڈی کی زیر قیادت تلنگانہ وفد سے ملاقات کی۔آئی ٹی کے وزیر سریدھر بابو نے کہا کہ تلنگانہ ملک میں ڈیٹا سنٹر کا مرکز بن گیا ہے۔

○○

عالمی سطح پر سرمایہ کاری کرنے والی اہم کمپنی بلیک اسٹون نے حیدرآباد میں 150 میگاواٹ ڈیٹا سنٹر کے قیام کے لئے 4500 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کا اعلان کیا ہے۔کمپنی کے ڈیٹا سنٹر ڈویژن بلیک اسٹون لومینا نے جے سی کے انفرا کے ساتھ ملکر تلنگانہ حکومت کے ساتھ یادداشت مفاہمت پر دستخط کئے۔ریاستی حکومت نے ٹیل مین گلوبل ہولڈنگس نامی امریکی کمپنی کے ساتھ یادداشت مفاہمت پر دستخط کئے۔ یہ کمپنی حیدرآباد میں 15 ہزار کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کے ذریعہ 300 میگاواٹ کا ڈیٹا سنٹر قائم کرے گی۔ویپرو نے بھی اعلان کیا ہے کہ وہ حیدرآباد میں اپنے کاروبار کو وسعت دے گی۔فینانشیل ڈسٹرکٹ کے گوپن پلی میں واقع کیمپس میں ایک نیا آئی ٹی سنٹر قائم کیا جائے گا۔اس پراجکٹ سے پانچ ہزار راست اور بلواسطہ ملازمتیں فراہم ہوں گی۔یہ اعلانات ڈاؤس میں ورلڈ اکنامک فورم کے اجلاس کے دوران کئے گئے۔

○○

تلنگانہ کے چیف منسٹر ریونت ریڈی نے ایک کھرب پودے لگانے اور سرسبز و شاداب کرۂ ارض کو فروغ دینے کی عالمی مہم کو تلنگانہ کی جانب سے تائید کا اعلان کیا ہے۔ریاستی حکومت ماحولیاتی تحفظ کا عزم رکھتی ہے اور آنے والی نسلوں کے لئے پائیدار مستقبل کو یقینی بنانے کی خواہاں ہیں۔ڈاؤس میں جاری ورلڈ اکنامک فورم کی کانفرنس کے حصہ کے طور پر ون ٹریلین ٹری آرگنائزیشن کے نمائندوں نے تلنگانہ پویلین کا دورہ کیا اور چیف منسٹر ریونت ریڈی اور وزیر صنعت سریدھر بابو سے ملاقات کرتے ہوئے ماحولیاتی عہد لیا۔ورلڈ اکنامک فورم کی ایگزیکیٹو کمیٹی کے رکن نیکول شوائب نے جونیچر پوزیٹیو پلیر کے شریک بانی بھی ہیں آئی ٹی ڈاٹ اور آر جی کے فلوریان ورناز کے ساتھ مل کر اس پروگرام میں شرکت کی۔

○○

وزیراعظم نریندر مودی نے نیتاجی سبھاش چندر بوس سے ترغیب حاصل کی کہ وہ ملک کو دنیا بھر میں تیسری بڑی معیشت بنانے کے اپنے عہد کا اعادہ کیا ہے۔آج نیتاجی سبھاش چندر بوس کے 128 ویں یوم پیدائش کے موقع پر ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ ترقی یافتہ بھارت کے مقصد کے حصول کے لئے عوام کو جدوجہد کرنی چاہئے۔نیتاجی سبھاش چندر بوس کی خدمات کا ذکر کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ عوام کو چاہئے کہ وہ اطمینان سے بیٹھے نہ رہیں، بلکہ نیتاجی کی طرح اپنی کارکردگی کو موثر بنائیں۔انہوں نے کہا کہ نیتاجی نے ملک کو آزادی دلانے کے لئے چیلنجوں کو قبول کیا۔انہوں نے کہا کہ عوام کو چاہئے کہ وہ ملک کو کمزور کرنے والی طاقتوں سے چوکس رہیں۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور نائب صدر جگدیپ دھنکر نے نیتاجی سبھاش چندر بوس کو ان کے یوم پیدائش کے موقع پر خراج عقیدت پیش کیا۔

○○

حیدرآباد دکن برہما سماج مندر کی صد سالہ تقاریب ہفتہ کو حیدرآباد میں منعقد ہوں گی۔ راج بھاگیہ ریڈی ورما نے دلتوں کو اونچا اٹھانے اور مساویانہ سماج کی تعمیر کے لئے حیدرآباد دکن برہما سماج مندر تعمیر کیا تھا۔ ایک بیان میں کہا گیا کہ برہما سماج کے صدر چلا کیشو چند اور برہما سماج کے کئی سینئر ارکان اس پروگرام میں شرکت کریں گے۔

○○

تلنگانہ ہائی کورٹ کے لئے مقرر کئے جانے والے چار ججس اِس مہینہ کی 25 تاریخ کو صبح 10 بجکر 45 منٹ پر حلف لیں گے۔ ہائی کورٹ کے رجسٹرار جنرل نے آج حیدرآباد میں یہ اطلاع دی۔ ایک دن قبل ہی رینو کا یارا، نرسنگ راؤ ننڈی کونڈا، تروملا دیوی اور مدھوسدن راؤ بوبلی رامیا کو ہائی کورٹ کے ججس مقرر کیا گیا۔

○○

پولیس نے تصدیق کی ہے کہ تلنگانہ سے تعلق رکھنے والا ایک اہم ماؤسٹ لیڈر چندراہاس منگل کو چھتیس گڑھ اوڈیشہ سرحد پر ایک انکاؤنٹر میں ہلاک ہوگیا۔ حیدرآباد کے جواہر نگر میں یاپرال کے رہنے والے چندراہاس کے نعش کی شناخت کرلی گئی ہے۔ اس نے اوڈیشہ اسٹیٹ کمیٹی کے تحت ایسٹ زونل بیورو انچارج کی حیثیت سے خدمات انجام تھیں۔ اس کے سر پر 20 لاکھ روپے کا انعام رکھا گیا تھا۔ چندراہاس 1985ء سے فرار کی زندگی گزار رہا تھا۔ پولیس کی جوابی فائرنگ میں 20 ماؤنواز مارے گئے۔ ان میں سے 17 کی نعشیں پوسٹ مارٹم کے لئے رائے پور منتقل کی گئی ہیں۔ باقی ماؤنوازوں کی نعشوں کا پتہ لگانے کے لئے تلاشی کی کارروائی جاری ہے۔

○○

حیدرآباد میں واقع انڈین نیشنل سنٹر فار اوشین انفارمیشن سرویس (اِن کوائز) کو ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے شعبہ میں اس کی بہترین کارکردگی کے لئے سبھاش چندر بوس آپدا پربندھن پرسکار 2025ء کے لئے منتخب کیا گیا ہے۔ یہ ایوارڈ ہر سال 23 جنوری کو سبھاش چندر بوس کے یوم پیدائش کے موقع پر دیا جاتا ہے۔ ادارہ کے زمرہ میں 51 لاکھ روپے کا نقد انعام اور سرٹیفکیٹ پیش کیا جاتا ہے۔ انفرادی شعبہ میں پانچ لاکھ روپے کا ایوارڈ دیا جاتا ہے۔

○○